زنک گندم کا بیج

اکبر-2019/زنکول-2016

زنک گندم کے ساتھ
-
کسان خوشحال
-
صحت سے مالامال

زنک گندم کی امتیازی خصوصیات

- بہتر پیداواری صلاحیت
- زنک اجزاء کی وافر مقدار میں موجودگی
- بہترین فصل - بہترین منافع
- بیماریوں کے خلاف قوتِ مدافعت
- صحت کے لیے مفید
- صارفین کا پہلا انتخاب

زنک گندم کا بیج اکبر-2019 اور زنکول-2016 تجارتی بنیادوں پر دستیاب ہے۔

یہ بیج پاکستان میں مربوط زرعی تحقیقی ادارہ اور بین الاقوامی اشتراک کی وجہ سے رائج ہوا ہے۔ پاکستان دنیا کے ان 9 ممالک میں شامل ہے جہاں پر گندم کی جدید اور بہتر غذائی صلاحیت کے ساتھ خصوصاً زنک کی زائد مقدار اور زیادہ پیداوار کی حامل اقسام کے پروگرام کا کامیاب آغاز کیا گیا ہے۔ انسانی خوراک میں زنک کی کمی ایک عالمی مسئلہ ہے جو کہ ترقی پذیر ممالک میں نسبتاً زیادہ پایا جاتا ہے۔ خوراک میں غذائیت کی کمی کے مسائل سے عہدہ برآ ہونے کیلئے گندم کی غذائیت کا اضافہ ایک بہترین طریقہ کار ہے۔

تصدیق شدہ شواہد سے یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ بچوں میں ضروری غذائیت یعنی زنک کی موجودگی نہایت اہم جزو ہے۔ بچوں کی غذا میں زنک کی غیر موجودگی ان کی نشوونما میں رکاوٹ کا باعث بنتی ہے۔ پاکستان میں زنک گندم کے بیج کی کامیاب پیداوار اور اسکی مارکیٹ میں دستیابی ایک انقلابی پیش رفت ہے۔ گندم میں زنک کی وافر مقدار میں موجودگی پیداوار میں بہتری کے علاوہ انسانی صحت سے جڑے مسائل پر قابو پانے میں مددگار ثابت ہوگی۔

زنک گندم کے بیج کا کامیاب آغاز گندم کی پیداواری صلاحیت میں اضافہ کے ساتھ زنک کی وافر مقدار میں موجودگی کسانوں اور صارفین کے لئیے ایک خوش آئند خبر ہے۔

زنک گندم کے بیج کی مارکیٹ میں دستیابی قومی اور بین الاقوامی اداروں کی مشترکہ کاوشوں سے ممکن ہوئی ہے۔

gain
Global Alliance for Improved Nutrition

HarvestPlus
Better Crops • Better Nutrition